روح اخبار

——— اس سال حج کے موقعہ پر ہندوستانی حاجیوں کی تعداد سات ہزار کے لگ بھگ تھی، ۷ رذی الحجہ کو سلطان ابن سعود ایّدہُ اللہ بنصرہ نے اپنے ہاتھ سے خانہ کعبہ کو غسل دیا اور ۱۰ رذی الحجہ کو اس پر نیا غلاف چڑھایا گیا۔ (خادم الحرمین)

——— ۶ رفروری کو تقریباً ۸ بجے صبح دہلی میں زلزلہ کا زبردست جھٹکا محسوس ہوا، زلزلہ کے ساتھ گڑگڑاہٹ کی آواز بھی تھی۔ بفضلہ تعالیٰ کسی قسم کے نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

——— آل انڈیا مسلم لیگ کا ستائیسواں سالانہ اجلاس ۲۲ ر ۲۳ ر ۲۴ ر مارچ ۱۹۴۰ء کو لاہور میں منعقد ہوگا۔ (انقلاب)

——— تری پورکلا سی پی میں پچھلے سال کانگرس کا جو سالانہ اجلاس منعقد ہوا تھا۔ اس کے دوران میں ریلوے کو کافی آمدنی ہوئی۔ چنانچہ اندازہ کیا جاتا ہے کہ ۱۷ لاکھ ۵۲ ہزار روپیہ تری پوری کانگرس کی وجہ سے ریلوے کے خزانہ میں گیا۔ (انقلاب)

——— نارتھ ویسٹرن ریلوے کے دفتر نے یہ اعداد شمار شائع کئے ہیں کہ ۸ رجون ۱۹۳۶ء سے ۳۱ ردسمبر ۱۹۳۸ء تک (یعنی ڈھائی سال میں) تین لاکھ ۶۹ ہزار بلا ٹکٹ مسافر پکڑے گئے۔ یہ چلتی گاڑیوں چیکنگ ہونے کا نتیجہ تھا۔ اور راستوں پر ۱۸ ہزار ۷ سو ۴۳ مسافر پکڑے گئے۔ ان مسافروں سے جو زائد رقم کرایہ سے چارج کی گئی وہ پہلی مد میں ۶ لاکھ ۷۵ ہزار ۸ سو ۲۸ روپیہ اور دوسری مد میں ۲۲ ہزار ایک سو ۷۹ روپے وصول ہوئے۔ جسکی مجموعی تعداد ۶ لاکھ ۸۰ ہزار ۵ ر ۲ روپے ہوتی ہے (تیج)

——— اسکندریہ کی اطلاع ہے کہ امسال ۶۶۸۲ مصریوں نے زیارت بیت اللہ کی سعادت حاصل کی۔ (زمزم)

——— ہندوستان کی آئندہ مردم شماری ۱۹۴۱ء میں ہوگی۔ گزشتہ مردم شماری ۱۹۳۱ء میں ہوئی تھی۔ اسوقت ہندوستان کی آبادی ۳۵ کروڑ ۲۰ لاکھ تھی۔ آئندہ مردم شماری کی تیاریاں زور شور سے جاری ہیں۔ ہندوستان کے ان سپاہیوں کی بھی جو ہندوستان سے باہر محاذ جنگ پر ہونگے۔ یا ہوائی جہازوں اور سمندر میں سفر کر رہے ہونگے گنتی کی جائیگی۔ مردوں کو اپنا نام عمر اور پیشہ لکھوانا پڑیگا۔ لیکن عورتوں کو اپنا نام اور عمر ہی لکھوانی پڑیگی۔ جیلوں، پاگل خانوں، ہسپتالوں، ریلوے اسٹیشنوں کارخانوں، حتی کہ انڈمان میں رہنے والوں کی گنتی بھی کی جائیگی۔ پچھلی مردم شماری کے موقع پر ہندؤں، عیسائیوں، مسلمانوں، جینیوں، سکھوں وغیرہ کے لئے علیحدہ علیحدہ رنگ کے کاغذات تھے، اگلی مرتبہ ایک ہی قسم کے کاغذات پر مردم شماری ہوگی۔ (زمزم)

——— معلوم ہوا ہے کہ دہلی کے دیہی علاقے میں ریڈیو سٹوں کی تعداد ۸۱ ہوگئی ہے۔ تجویز یہ ہے کہ اس علاقے میں کل ۱۲۰ سٹ لگائے جائیں۔ صوبہ جات متحدہ کے دیہات میں ریڈیو لگانے کی اسکیم پر بھی آل انڈیا ریڈیو عمل کر رہا ہے۔ اور اسوقت تک مختلف دیہات میں ۵۰ ریڈیو سٹ نصب کئے جاچکے ہیں۔ (تیج)

منیجر

جناب شیخ حاجی عبدالوہاب صاحب پرنٹر پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دارالحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا۔